# سلک بینک لمیٹڈ
# بائیسویں سالانہ اجلاسِ عام کا نوٹس

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سلک بینک لمیٹڈ کا بائیسواں سالانہ اجلاسِ عام بمقام بیسٹ ویسٹرن ہوٹل، اسلام آباد، 28 مارچ، 2016 بروز پیر، صبح 11:00 بجے، درجِ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور:**

1) 24 مارچ، 2015 کو منعقدہ اکیسویں سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی منظوری۔

2) 31 دسمبر، 2015 کو ختم ہونے والے سال کی آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کو وصول کرکے زیرِ غور لانا اور پھر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس پر غور کرنا اور منظوری دینا۔

3) آئندہ سالانہ اجلاسِ عام تک آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

**خصوصی امور:**

مندرجہ ذیل قراردادوں کو بطور خصوصی قرارداد، ترامیم یا اضافوں یا احذافات کے ساتھ یا بغیر منظور کرنا:

1) **بینک کے قواعد وضوابط میں ترمیم**

غور کرنا اور اگر مناسب ہو تو بینک کے قواعد وضوابط میں مندرجہ ذیل ترمیم کرنا۔ بینک کے قواعد وضوابط میں ترمیم کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے منظوری اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے تصدیق ضروری ہے۔

(i) **کمپنی کے قواعد وضوابط کا آرٹیکل 109، مندرجہ ذیل آرٹیکل سے تبدیل کیا جاتا ہے:**

**109) ڈائریکٹرز سے لین دین:**

''ڈائریکٹرز سے کسی قسم کا لین دین کمپنیز آرڈیننس، 1984 میں موجود ترامیم اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور/ یا کمیشن کی جانب سے وقتاً فوقتاً دیئے جانے والے قواعد وضوابط/ مراسلہ جات کے مطابق کیا جائے گا۔''

(ii) **کمپنی کے قواعد وضوابط کے آرٹیکل نمبر (vi) 2 میں بیان کردہ ''ضابطہ برائے کاروباری نظم ونسق'' کی تعریف مندرجہ ذیل سے تبدیل کی جاتی ہے:**

**ضابطہ برائے کاروباری نظم ونسق:**

''ضابطہ برائے کاروباری نظم ونسق سے مراد کمیشن کی جانب سے 2012 میں متعارف کرایا جانے والا ضابطہ برائے کاروباری نظم ونسق ہے جس میں وقتاً فوقتاً کی جانے والی ترامیم بھی شامل رہیں گی۔''

(iii) **کمپنی کے قواعد وضوابط کے آرٹیکل نمبر 85 میں مندرجہ ذیل پیراگراف کا اضافہ کیا جائے گا:**

**85) پراکسیز:**

''ای ووٹنگ (E-Voting) قواعد وضوابط، 2016 میں تقرری کے طریقۂ کار کے تحت ای۔ ووٹنگ کی صورت میں کمپنی کی جانب سے ممبرز اور نان ممبرز، دونوں ہی کو پراکسی مقرر کیا جاسکتا ہے۔''

2) **بورڈ اور کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کرنے والے چیئرمین، نان ایگزیکٹیو اور انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کو واجب الادا فیس کے اسکیل کی منظوری دینا**

غور کرنا اور اگر مناسب ہو تو مندرجہ ذیل قراردادوں کو بطور عمومی قرارداد منظور کرنا:

''قرار پایا کہ بورڈ اور کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کرنے والے ڈائریکٹرز کے معاوضوں کو پوسٹ فیکٹو بنیاد پر تجویز کردہ فیس کے اسکیل کی منظوری دینا جو درجِ ذیل ہے:

- بورڈ کا اجلاس: چیئرمین کے لیے -/635,000 (پاکستانی روپے) اور دیگر ممبرز کے لیے -/475,000 (پاکستانی روپے)
- کمیٹی کے اجلاس: چیئرمین اور دیگر ممبرز کے لیے -/475,000 (پاکستانی روپے)''

**دیگر امور:**

صدرِ اجلاس کی اجازت سے دیگر امور پر کارروائی عمل میں لانا۔

اس نوٹس کی تشریح اور تفصیل کے لیے یا مبالغے کی صورت میں انگریزی اشتہار کو حتمی حیثیت حاصل ہوگی۔

حسب الحکم بورڈ

**عظمان نوید چوہدری**
**کمپنی سیکریٹری/ ہیڈ آف انویسٹر ریلیشنز اینڈ لیگل افیئرز**

کراچی، 04 مارچ، 2016

**نوٹس:**

1) اجلاس میں خصوصی کارروائی کے تحت زیرِ غور آنے والے اہم حقائق پر مبنی روداد کمپنیز آرڈیننس، 1984 کی شق نمبر (b) (1) 160 کے تحت ممبران کو سالانہ رپورٹ کے ساتھ ارسال کردی گئی ہے۔

2) **شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:**

سلک بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 21 مارچ، 2016 سے 28 مارچ، 2016 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC)، شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ 74400 میں مورخہ 18 مارچ، 2016 بروز جمعہ، کاروباری اوقات (شام 5:00 بجے) کے اختتام پر موصول ہونے والے شیئر ٹرانسفرز مندرجہ بالا استحقاق کے لیے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

3) **اجلاس میں شرکت:**

کمپنی کے تمام اراکین اجلاس میں ذاتی طور پر یا بذریعہ پراکسی شرکت کے اہل ہیں۔ مقررہ پراکسی کو دیگر اراکین کی طرح اجلاس میں بولنے اور ووٹنگ کا اختیار حاصل ہوگا۔ پراکسیز کو اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ لازمی پیش کرنا ہوگا۔

4) **پراکسی:**

وہ ممبر جو سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہے، وہ اس بات کا بھی اہل ہے کہ اپنی جگہ کسی اور ممبر کو شرکت اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی مقرر کردے۔ کارپوریشن بطور ممبر کسی کو بھی اپنا پراکسی مقرر کرسکتی ہے، چاہے وہ اس کا کوئی نمائندہ ہو یا کوئی اور شخص، خواہ وہ بینک کا ممبر ہو یا نہ ہو۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، ادارے کی طرف سے مقرر کی گئی پراکسی کو بورڈ آف ڈائریکٹرز/ قرارداد/ مختار نامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا) بینک کے پراکسی کے ساتھ جمع کرانے ہوں گے۔

مؤثر پراکسی کے لیے باقاعدہ پُر کیا ہوا اور دستخط شدہ پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، تیسری منزل، C-18، کاغان روڈ، F-8 مرکز، اسلام آباد پر اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل موصول ہوجانا چاہیے۔

5) CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری شدہ سال 2000 کے سرکلر نمبر 1، بتاریخ 26 جنوری، 2000 میں مذکورہ گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا:

**اجلاس میں شرکت کے لیے:**

i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ سب اکاؤنٹ ہولڈر، جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC قواعد کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز/ قرارداد/ مختار نامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہیں کیے گئے) پیش کیے جائیں گے۔

6) **پتے میں تبدیلی:**

اراکین سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئر رجسٹرار، میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC)، شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ 74400 کو مطلع کریں۔

**Call: 111-007-455**

SILKBANK
Yes we can

28cm x 8col